سوال

(182) غروب آفتاب سے نصف گھنٹہ پہلے جہاز نے پرواز شروع کی۔۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان میں ریاض ایئرپورٹ سے غروبِ آفتاب سے قریبا نصف گھنٹہ پہلے ہوائی جہاز ان شاء اللہ پرواز شروع کرے گا، ہم ابھی سعودیہ کی فضا ہی میں ہوں گے جب اذان مغرب شروع ہوجائے گی تو کیا ہم اس وقت روزہ افطار کردیں؟ اور اگر ہم ابھی تک سورج کو دیکھ رہے ہوں اور اکثر وبیشتر صورتوں میں ایسے ہی ہوتا ہے تو کیا ہم ابھی حالت روزہ ہی میں رہیں اور اپنے ملک جاکر افطار کریں یا محض سعودیہ کی اذان کے مطابق افطار کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جب غروب آفتاب سے قبل طیارہ مغرب کی طرف پرواز شروع کردے تو آپ کو روزہ ہی کی حالت میں رہنا ہوگا حتی کہ فضا میں سورج غروب ہوجائے یا آپ کسی ایسے شہر میں اتر پڑیں جہاں سورج غروب ہوچکا ہو کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''جب رات ادھر سے آجائے اور دن ادھر سے چلا جائے اور سورج غروب ہوجائے تو روزہ دار نے روزہ افطار کردیا۔'' (متفق علیہ)

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 282

محدث فتویٰ